**Shabbir / Fazil**

**08-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی کی کوالالمپور میں ملیشیاء کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم کے ساتھ بات چیت ہوئی۔ تجارت، معاشی تعاون، کلیدی رابطہ اور اُبھرتے ہوئے شعبے بات چیت کے ایجنڈے پر سرِ فہرست رہے۔

2- کامرس کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ عبوری تجارتی معاہدہ صاف شفاف، مساویانہ اور متوازن ہے اور کسانوں کے مفادات کو مکمل تحفظ کو یقینی بناتا ہے۔

3- وزیر داخلہ امت شاہ آج رائے پور میں بائیں بازو کی انتہاء پسندی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی سکیورٹی جائزہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

4- جاپان کی وزیر اعظم Sanae Takaichi کے ذریعے اعلان کیے گئے قبل از وقت پارلیمانی انتخابات میں آج جاپان میں ووٹنگ ہو رہی ہے۔

5- اور مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں، بھارت نے امریکہ پر جیت حاصل کرنے کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Malaysia Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کا آج ملیشیاء کے وزیر اعظم انور ابراہیم کے دفتر میں شاندار استقبال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان بات چیت ہوئی، جس میں بالمشافہ گفتگو اور وفد کی سطح کی میٹنگیں شامل تھیں۔

بات چیت کے ایجنڈے میں تجارت، معاشی تعاون، کلیدی شراکت داری اور اُبھرتے ہوئے شعبے شامل رہے۔ فریقین نے جامع کلیدی شراکت داری کے تحت ہوئی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا، جس کے ذریعے وہ 2024 میں اپنے رشتوں کو نئی بلندیوں تک لے کر گئے تھے۔

S/B - PM

وزیر اعظم مودی اور وزیر اعظم انور ابراہیم نے کل کے غیر مقیم بھارتیوں کی ایک تقریب کے دوران اِس عزم کو بھی دوہرایا تھا کہ وہ باہمی تعلقات کو بہت زیادہ اہمیت دیتے ہیں اور وہ مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے تئیں پُر عزم ہیں۔ آج کی بات چیت کا مقصد بھی اشتراک کے نئے شعبوں کی نشاندہی کرنا ہے۔

امکان ہے کہ دونوں ملکوں کی جانب سے میٹنگ کے دوران بہت سے مفاہمت ناموں پر دستخط کیے جائیں گے اور اُن کا تبادلہ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ دونوں فریق آج دن میں بات چیت کے نتائج کے خاکے پر ایک پریس بیانیہ بھی جاری کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Durgesh

آج کی مصروفیات کے حصے کے طور پر وزیراعظم دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے مقصد سے CEOs اور کاروباری رہنماؤں سے بھی بات چیت کریں گے۔ دورے کے اختتام اور ملک واپس آنے سے پہلے وزیراعظم کی انڈین نیشنل آرمی کے سابق فوجیوں اور ملیشیا کی ممتاز شخصیات سے بھی ملاقات کرنے کا پروگرام ہے۔ ددرے کے پہلے دن وزیراعظم نے کوالالمپور میں سلامت Datang مودی جی کے موضوع پر بھارتی برادری کے ایک اجتماع سے خطاب کیا، جس میں 15 ہزار سے زیادہ لوگوں نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران جناب مودی نے بھارت اور ملیشیا کے درمیان عوام سے عوام کے درمیان مضبوط تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

اور 2024 میں قائم کی گئی جامع اسٹریٹیجک شراکتداری کے تحت بڑھتی ہوئی ساجھیداری پر بھی زور دیا۔

جناب مودی نے اعلان کیا کہ بھارت ڈجیٹل ادائیگی کے پلیٹ فارم UPI کو جلد ملیشیا میں بھی متعارف کرایا جائے گا۔

وزیراعظم نے بھارت میں تعلیم حاصل کر رہے طلبا کے لئے تھیروولوور اسکالرشپ کے آغاز اور ملیشیا میں نئے بھارتی قونصل خانے کھولے جانے کا بھی اعلان کیا۔

کوالالمپور سے Durgesh کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر

VP -PM Malaysia

نائب صدر جمہوریہ سی-پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ ملیشیاء کے کوالالمپور میں غیر مقیم بھارتیوں سے وزیر اعظم نریندر مودی کا خطاب دونوں ملکوں کے درمیان گہرے تاریخی اور ثقافتی رشتوں کو اُجاگر کرتا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ ملیشیاء میں رہنے والے بھارتی شہری دونوں ملکوں کے درمیان ایک کلیدی اور سرگرم پُل کے طور پر رول ادا کرتے ہیں۔

نائب صدر جمہوریہ نے تمل وراثت کا جشن منانے پر وزیر اعظم کے بیان کو بھی اُجاگر کیا اور Thiruvalluvar کے قیام کے اعلان کا خیر مقدم کیا، جو بھارت کی تہذیبی وراثت کو فروغ دینے کیلئے ایک مضبوط عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ جناب رادھا کرشنن نے مزید کہا کہ اس طرح کے اقدامات ثقافتی رشتوں کو مستحکم کرتے ہیں اور دنیا بھر میں ہماری مالامال وراثت کو آگے لے کر جاتے ہیں۔ ×

Goyal India US Pc

تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ عبوری تجارتی معاہدہ صاف شفاف، مساویانہ اور متوازن ہے اور وہ کسانوں کے مفادات کے مکمل تحفظ کو یقینی بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکئی، گندم، چاول، چینی، سویابین اور پولٹری سمیت بھارت میں پیدا کی گئیں ڈیری مصنوعات اور زراعت کو محصولات میں رعایت سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ اس سمجھوتے کا مقصد برآمدات کو فروغ دینا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور وِکست بھارت 2047 کی جانب بھارت کے سفر کو آگے بڑھانا ہے۔

کل نئی دلّی میں بھارت-امریکہ مشترکہ بیان پر میڈیا کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ معاہدے کے تحت بھارتی برآمدات پر عائد 50 فیصد جوابی محصول کو اب کم کر کے 18 فیصد کر دیا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ امریکہ کی جانب سے بھارت پر عائد کیا جانے والا محصول اُس کے پڑوسی ممالک چین، پاکستان، بنگلہ دیش اور ویتنام کے مقابلے میں کم ہے۔

جناب گوئل نے کہا کہ یہ معاہدہ، ملک کے زرعی اور ڈیری شعبے کو تحفظ فراہم کرتا ہے اور ملک کی زرعی مصنوعات جیسے مصالحے، چائے، کافی، کاجو، Chestnut، Avocado، کیلا، آم، کیوی اور پپیتا پر امریکہ میں صفر محصول عائد ہوگا۔

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ اِس تجارتی معاہدے کا ملک کے تمام شعبوں کی جانب سے خیرمقدم کیا گیا ہے۔

S/B - Piyush Goyal

کامرس اور صنعت کے وزیر نے کہا کہ حکومت کا مقصد آنے والے سالوں میں بھارت-امریکہ باہمی تجارت کو بڑھا کر 45 لاکھ کروڑ روپے تک لے جانا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس معاہدے کے بعد سرمایہ کاروں کیلئے نئے مواقع بھی کھل گئے ہیں۔ انہوں نے اُن سے اِن مواقع کا فائدہ اُٹھانے کی اپیل کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ MSMEs، دستکار، ہُنکر اور نوجوان، جو برآمد پر مبنی شعبوں میں مصروف ہیں، وہ اہم مستفیدین میں شامل ہوں گے۔×

C'Garh Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ چھتیس گڑھ کے تین روزہ دورے پر کل شام رائے پور پہنچے۔ اپنے دورے کے دوران جناب شاہ ریاست میں اندرونی سلامتی اور ترقی سے متعلق مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔
آج مرکزی وزیر داخلہ رائے پور میں بائیں بازو کی انتہاء پسندی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی سکیورٹی کی جائزہ میٹنگ کی صدارت کریں گے، جس میں مرکز اور ریاست کی سرکاروں کے سینئر اہلکاروں کے ساتھ ساتھ سکیورٹی ایجنسیوں کے نمائندے شرکت کریں گے۔ بعد میں دن میں جناب شاہ مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے Chhatttisgarh @ 25: Shifting the Lens کے عنوان سے ایک قومی کانکلیو میں شرکت کریں گے۔
اس دوران 9 فروری کو جناب شاہ جگدل پور بستر پنڈم فیسٹیول کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ سوشل میڈیا پر شیئر کیے گئے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ حکومت، بھارت کو 31 مارچ 2026 تک نکسلزم سے مکمل طور پر نجات دلانے کے عزم کے حصول کی جانب تیزی سے پیش قدمی کر رہی ہے۔ ×

Ashwini Vaishnav Karnataka

الیکٹرانکس اور آئی ٹی، اطلاعات و نشریات اور ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے زور دیکر کہا ہے کہ بھارت سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ ماحولیاتی نظام کی تیاری میں بڑی پیشرفت کر رہا ہے، جو کہ دیگر ملکوں کیلئے ابتدا سے آخر تک حل فراہم کر سکتا ہے۔ وہ کل بنگلورو میں Qualcomm کے ذریعہ تیار کردہ 2 نینو میٹر کی سیمی کنڈکٹر چپ کی نقاب کشائی کے بعد میڈیا کے افراد سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر موصوف نے اس بات کا اعتماد ظاہر کیا کہ بھارت مصنوعی ذہانت اور سیمی کنڈکٹر کے سیکٹر میں اپنی مہارت کو عالمی سطح پر پیش کر سکے گا۔

S/B - Ashwini Vaishnav - Semiconductor

مرکزی وزیر نے کہا کہ ملک میں 315 یونیورسٹیاں ہیں، جہاں طلبا چپ مینوفیکچرنگ کے عمل میں ڈیزائننگ، Tapping اور اس کی توثیق کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سے ملک کے اندر ہی سات، تین اور دو نینو میٹر کی چپس تیار ہو سکیں گی۔×

Sychelles Prez Visit

سیشلز کے صدر Patrick Hermine بھارت کے پانچ روزہ دورے پر کل ممبئی پہنچے۔ ان کے ہمراہ خاتون اول Veronidue Herminie بھی ہیں۔ سیشلز کے صدر نے بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سے ملاقات کی اور بعد میں انھوں نے بھارت سیشلز بزنس گول میز کانفرنس میں شرکت کی جس کا اہتمام کنفڈریشن آف انڈین انڈسٹری، CII نے کیا تھا۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے صدر Herminie نے کہا تھا کہ بھارت۔سیشلز کے رشتے پچھلے پچاس برسوں میں مضبوط ہوئے ہیں اور ان کا ملک تعاون میں توسیع کا منتظر ہے۔

انھوں نے کہا کہ سیشلز بھارت کو انتہائی احترام کی نظر سے دیکھا ہے اور دنیا کی چوتھی بڑی معیشت کے طور پر اس کے مقام کی قدر کرتا ہے۔

جناب سونووال نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان اعتماد پر مبنی شراکت داری ہے جو عوام کے درمیان اور بحری رابطوں پر مبنی ہے جس میں حفظانِ صحت، تعلیم، بحری سلامتی اور آفات پر قابو پانے میں تعاون شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی تجارت، بھارتی سرمایہ کاری ممبئی اور Mahe کے درمیان راست کنکٹوٹی اور بھارتی بندرگاہوں کی طرف سے کیے جانے والے ترقیاتی معاشی اور اسٹریٹیجک تعاون کیلئے، نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔

سیشلز کے امور خارجہ اور Diaspora وزیر Barry Faure اور امور خزانہ، معاشی منصوبہ بندی، تجارت و سرمایہ کاری کے وزیر Pierre Laporte بھی دونوں ملکوں کے کاروباری رہنماؤں کے کاروباری رہنماؤں کے ساتھ اس موقع پر موجود تھے۔

Thailand Election

تھائی لینڈ میں، لاکھوں رائے دہندگان آج ووٹ ڈال رہے ہیں، جس کے تحت ملک کی اگلی پارلیمنٹ تشکیل دی جائے گی۔ وہ ملک کے آئین کے بارے میں ایک ریفرنڈم پر بھی ووٹنگ کریں گے۔ یہ وزیر اعظم Anutin Charnvirakul کی جانب سے اچانک چناؤ کی اپیل کے بعد ہوا ہے، جنہوں نے سرحدی تنازعے سے جڑے سیاسی اُتھل پتھل اور اپنے پیشرو کو ہٹانے کے بعد اقتدار سنبھالا ہے۔x

Japan Election

جاپان کی وزیراعظم Sanae Takaichi کے ذریعے اعلان کئے گئے قبل از وقت پارلیمانی انتخابات میں آج جاپان میں ووٹنگ ہو رہی ہے۔ قانون سازوں کے ذریعے منتخب کئے جانے کے کچھ ماہ بعد ہی Takaichi نے عوامی حمایت حاصل کرنے کیلئے چناؤ کرانے کا فیصلہ کیا تھا۔

Takaichi کی لبرل ڈیموکریٹک پارٹی اور جاپان انوویشن پارٹی پر مشتمل اتحاد جسے Ishin کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اگر اسے 310 سیٹیں حاصل ہوتی ہیں تو وہ اپوزیشن کے زیر کنٹرول ایوانِ بالا کا اقتدار حاصل کرلے گا۔ محترمہ Takaichi نے وعدہ کیا ہے کہ اگر ان کے اتحاد کو اکثریت حاصل نہیں ہوئی تو وہ عہدے سے دست بردار ہوجائیں گی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Russia Knife Attack

روس میں، Bashkortostan جمہوریہ کے Ufa میں ایک یونیورسٹی میں کل چاقو سے کیے گئے حملے میں بہت سے لوگ زخمی ہو گئے، جن میں چار بھارتی بھی شامل ہیں۔ روس میں بھارتی سفارتخانے نے بتایا کہ حملے کے اس افسوسناک واقعے میں زخمی ہونے والے چاروں بھارتی طلبا ہیں۔ بھارتی سفارتخانہ، روسی حکام کے ساتھ لگاتار رابطہ قائم کیے ہوئے ہے۔ Kazan میں بھارت کے قونسل خانے کے اہلکاروں کو Ufa بھیجا گیا ہے، تاکہ وہ بھارتی طلبا کو مدد فراہم کرسکیں۔ اُدھر روس کی صحت کی وزارت نے ایک ریلیز میں کہا ہے کہ چاروں زخمی طلبا کی طبّی دیکھ بھال کی جا رہی ہے۔ اِن میں ایک کی حالت نازک ہے۔

ابتدائی اطلاعات کے مطابق کل ایک مسلح نو عمر لڑکا چاقو کے ساتھ Ufa میں اسٹیٹ میڈیکل یونیورسٹی کے Dormitory میں داخل ہوا اور اُس نے وہاں رہ رہے طلبا پر حملہ کیا، جس میں کئی لوگ زخمی ہو گئے۔ 15 سالہ حملہ آور کو شدید زخمی حالت میں ایک مقامی بچوں کے اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔×

Meghalaya Blast

میگھالیہ میں، Mynsngat, Thangsko علاقے میں کانکنی کے دھماکے کے بعد تلاش اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ NDRF, SDRF خصوصی راحتی ٹیم SRT، پولیس اورضلع انتظامیہ اِن کارروائیوں میں مصروف ہیں۔ کل مزید دو لاشیں برآمد کی گئیں، جس سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 27 ہوگئی ہے۔ کانکنی کے دھماکے سے متاثرہ علاقوں کی پوری طرح تلاشی لی گئی اور آج صبح یہ کارروائی پھر شروع کی جائے گی، تاکہ اس کام کو مکمل کرنے کو یقینی بنایا جا سکے۔

ضلع انتظامیہ، ایسٹ Jainta Hills ڈسٹرکٹ نے غیر قانونی کانکنی کے خلاف مہم تیز کر دی ہے اور اس کام کیلئے ایگزیکٹو مجسٹریٹ، پولیس اور ڈائریکٹوریٹ آف منرل رسورسز DMRK حکام پر مشتمل پانچ ٹیمیں تعینات کی ہیں۔

اس کے علاوہ غیر قانونی کانکنی کے سلسلے میں استعمال ہوئے عارضی کیمپس کی نشاندہی کی گئی ہے اور کارروائی کے دوران انہیں ختم کر دیا گیا۔ غیر قانونی سرگرمیوں کے سلسلے میں FIRs رجسٹرڈ کی گئیں ہیں اورمزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی طرف سے سیکشن 163 BNSS کے تحت امتنائی حکم جاری کیا گیا ہے۔ ×

Cricket

کل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں، مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں بھارت نے امریکہ کو 29 رن سے ہرا دیا۔

بھارت کی طرف سے جیت کیلئے 162 رن کا نشانہ رکھا گیا تھا، لیکن امریکہ کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 132 رن ہی بنا سکی۔

اس سے قبل بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 161 رن بنائے تھے۔

آج عالمی کپ کے چوتھے میچ میں نیوزیلینڈ کا مقابلہ افغانستان سے ہوگا جو مقامی وقت کے مطابق صبح 11 بجے چنئی کے MA چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔x

Fooball SAFF

نیپال کے پوکھرا رنگا شالہ اسٹیڈیم میں ہوئے ساؤتھ ایشین فٹ بال فیڈریشن (SAFF) کے انڈر19 خواتین کی چیمپین شپ کے فائنل میچ میں بھارت نے بنگلہ دیش کو صفر کے مقابلے چار گول سے ہرایا۔

اس سے پہلے راؤنڈ رابن میں اپنی کا ہار بنگلہ دیش سے بدلہ لیتے ہوئے کپتان Julan Nongmaithem نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور بھارت کو جیت سے ہمکنار کیا۔

بھارت نے انڈر17 خواتین کی نیشنل ٹیم کو SAFF انڈر 19، خواتین چیمپین شپ میں حصہ لینے کے لیے بھیجا تھا تاکہ وہ اس سال ہونے والے AFC انڈر17 خواتین کے ایشیائی کپ کے لئے تیار رہیں۔x

Netan Yahu Trump Meet

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو، امریکہ-ایران بات چیت کے سلسلے میں بدھ کے روز واشنگٹن میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے ملاقات کریں گے۔ امریکہ اور ایران نے جمعہ کو اومان میں بلا واسطہ بات چیت کی تھی۔ جناب نیتن یاہو کے دفتر سے جاری ایک بیان کے مطابق، اُن کا ماننا ہے کہ سبھی مذاکرات میں بالسٹک میزائلوں کو محدود کرنے اور ایران کی حمایت کو بند کرنے سے متعلق موضوعات شامل ہونے چاہئیں۔

اس سے قبل صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ کی بات چیت بہت عمدہ رہی اور اگلے ہفتے کے شروع میں مزید بات چیت کا ارادہ ہے۔ امریکہ کی نمائندگی خصوصی ایلچی Steve Witkoff اور Jared Kushner نے کی۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے صحافیوں کو بتایا کہ نیوکلیائی مذاکرات اوراصل معاملے کے تصفیے کے بارے میں بات چیت بغیر کسی تناؤ اور دھمکیوں کے، نیز پرامن ماحول میں کی جانی چاہیے۔

ایران میں ملک گیر احتجاج کے خلاف حکومت کی کارروائیوں میں ہزاروں افراد ہلاک اور سینکڑوں گرفتار کیے گئے تھے۔ اس دوران ٹرمپ نے ایرانی ایٹمی پروگرام پر معاہدہ کرنے پر مجبور کرنے کیلئے ایران پر طاقت کا استعمال کئے جانے کی کئی بار دھمکی دی ہے۔

اس سے قبل امریکہ نے خطّے میں USS ابراہم لنکن طیارہ اور جنگی جہازوں کو بھی خطے میں اتارا تھا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے ملیشیا دورے کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے ''وزیراعظم نریندر مودی دو روزہ دورے پر ملیشیا پہنچے، دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مستحکم کرنے کا عزم۔'' اخبار پرتاپ نے تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدے میں کسانوں کے مفادات سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔

ہندوستان ایکسپریس نے وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ جب عالمی مزدور تحریک بھٹک گئی، تب بھارتیہ مزدور سنگھ نے دکھائی صحیح راہ۔ اخبار نے ہماچل پردیش میں بارش کاالرٹ جاری ہونے کی خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔ اخبارات نے رنگا رنگ تقریب کے ساتھ ٹی20 عالمی کپ کے آغاز سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ سوریہ اور سراج کی بدولت ٹیم انڈیا کا فاتحانہ آغاز، بھارت نے پہلے میچ میں امریکہ کو 29 رن سے شکست دی۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- مسقط مذاکرات، ایران نے یورینیم افزودگی روکنے کا امریکی مطالبہ مسترد کیا، دوسرا مرحلہ اگلے ہفتے شروع ہوگا۔
- غزہ بورڈ آف پیس کی میٹنگ 19 فروری کو ہوگی۔
- یوکرین میں توانائی کے بنیادی ڈھانچ پر روس کا حملہ، گرڈ اسٹیشنوں کو شدید نقصان۔
- اسلام آباد کی مسجد پر خودکش حملے کی ذمہ داری داعش نے قبول کی۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی کی کوالالمپور میں ملیشیاء کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم کے ساتھ بات چیت ہوئی۔ تجارت، معاشی تعاون، کلیدی رابطہ اور اُبھرتے ہوئے شعبے بات چیت کے ایجنڈے پر سرِ فہرست رہے۔

2- کامرس کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ عبوری تجارتی معاہدہ صاف شفاف، مساویانہ اور متوازن ہے اور کسانوں کے مفادات کو مکمل تحفظ کو یقینی بناتا ہے۔

3- وزیر داخلہ امت شاہ آج رائے پور میں بائیں بازو کی انتہاء پسندی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی سکیورٹی جائزہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

4- جاپان کی وزیر اعظم Sanae Takaichi کے ذریعے اعلان کیے گئے قبل از وقت پارلیمانی انتخابات میں آج جاپان میں ووٹنگ ہو رہی ہے۔

5- اور مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں، بھارت نے امریکہ پر جیت حاصل کرنے کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~